# جاڑا آیا



جاڑا دھوم مچاتا آیا
کپڑے گرم پہناتا آیا
کیسی ہوا ہے فرفر، فرفر
کانپتے ہیں سب تھرتھر، تھرتھر
چھپ جاتا ہے سورج جلدی
لگتی ہے اس کو بھی سردی
ہا ہا، ہا ہا، ہی ہی، ہی ہی
ہو ہو، ہو ہو، سی سی، سی سی
ہائے رے سردی ہائے رے سردی
سارے بدن میں برف سی بھر دی

— شفیع الدین نیّر





© NCERT not to be republished

# مشق



## 1. مصرع مکمل کروائیے



جاڑا دھوم ______

کپڑے گرم ______

کیسی ہوا ہے ______

کانپتے ہیں سب ______

چھپ جاتا ہے ______



## 2. حصہ 'الف' اور حصّہ 'ب' کو نظم کے مطابق ملا کر شعر بنوائیے


| الف | ب |
|---|---|
| جاڑا دھوم مچاتا آیا | لگتی ہے اس کو بھی سردی |
| کیسی ہوا ہے فرفر، فرفر | ہو ہو، ہو ہو، سی سی، سی سی |
| ہائے رے سردی ہائے رے سردی | کپڑے گرم پہناتا آیا |
| چھپ جاتا ہے سورج جلدی | سارے بدن میں برف سی بھر دی |
| ہا، ہا، ہا ہا، ہی ہی، ہی ہی | کانپتے ہیں سب تھر تھر، تھر تھر |

© NCERT not to be republished

## 3. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | و | ر | ج | = | ............ |
| ک | پ | ڑ | ے | = | ............ |
| ل | گ | ت | ی | = | ............ |
| س | ر | د | ی | = | ............ |

چھتری تک کیسے پہنچیں؟





### اساتذہ کے لیے ہدایات:

- نظم کو استاد مناسب لب و لہجے کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔
- بچّوں کو نظم کو گا کر سنانے کا موقع دیا جائے۔




© NCERT not to be republished



4. تصویر میں دکھائی گئی چیزیں کس موسم میں استعمال ہوتی ہیں؟



.....................




.....................



.....................



.....................



.....................



.....................



..............



..............



..............



..............

© NCERT not to be republished

## 5. بعد میں آنے والے موسم لکھوائیے

گرمی کے بعد ______________

برسات کے بعد ______________

سردی کے بعد ______________

بہار کے بعد ______________



## 6. خوش خط لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| برف | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| بدن | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| کہاں | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| سردی | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| دھوم | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| گرمی | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| برسات | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| سورج | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

© NCERT not to be republished